MEMBERS APNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC Certified پاکستان کا کیثر الاشاعت اخبار
کوئٹہ، گوادر، جب اسلام آباد، کراچی اور پشاور سے بیک وقت شائع ہونیوالا اردو روزنامہ
روزنامہ
عسکر انٹرنیشنل کراچی
چیف ایڈیٹر
سید فاروق شاہ
فون نمبر 0331-8383955
Dailyaskarkhi@gmail.com
جلد 15 | 24 جنوری، بروز جمعہ 2025، (صفحات 4) قیمت 10 روپے | شمارہ 260

تعلیمی نظام کو درپیش دیگر مستقل چیلنجوں سے بھی نمٹنے کی ضرورت ہے، صدر مملکت

مصنوعی ذہانت کی دنیا میں انسانی ارادہ و اختیار، تخلیقی صلاحیت، تنقیدی سوچ اور فیصلہ سازی کو مقدم رہنا چاہیے

یہ ضروری ہے کہ ہمارے اسکول ہمارے بچوں کو مطلوبہ مہارتوں سے آراستہ کرنے کے لیے جدید ترین ٹیکنالوجی سے لیس ہوں، تعلیم کے بین الاقوامی دن کے موقع پر خصوصی پیغامات

اسلام آباد (آن لائن) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ تعلیم کو ایک خوشحال، ہمہ گیر اور ترقی پسند پاکستان کی بنیاد بنانے کے لیے مل کر کام کرنا ہوگا، مصنوعی ذہانت کی دنیا میں انسانی ارادہ و اختیار، تخلیقی صلاحیت، تنقیدی سوچ اور فیصلہ سازی کو مقدم رہنا چاہیے، ہم نے اپنے تعلیمی اداروں کو تکنیکی ترقی کو قبول کرنے کے لیے تیار کرنے کے لیے اہم اقدامات کیے ہیں، یہ

(بقیہ نمبر 2 صفحہ 3)

پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا اجلاس ملتوی، پیر یا منگل کو بلائے جانے کا امکان

پی ٹی آئی نے چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے لیے 5 نام پیش کر دیئے

اسلام آباد (آن لائن) چیئرمین کے انتخاب کے

(بقیہ نمبر 7 صفحہ 3)

تحصیل چیئرمین پاراچنار، آغا مزمل حسین کو پولیس نے گرفتار کر لیا

پاراچنار (آن لائن) تحصیل چیئرمین پاراچنار آغا مزمل حسین مقبول کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس نے تحصیل چیئرمین آغا مزمل حسین کی گرفتاری کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ آغا مزمل حسین کے خلاف اشتعال دھرنا رہے پر ایف آئی آر درج ہے۔ بلدیاتی

(بقیہ نمبر 6 صفحہ 3)

وفاقی وزیر قانون سے یونیورسٹی آف لندن کی وائس چانسلر کی ملاقات

تھامسن نے پاکستان میں قانونی تعلیم کو مضبوط بنانے کے لیے کوششوں کو سراہا

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر قانون و انصاف بیرسٹر اورنگزیب نے یونیورسٹی آف لندن کی وائس چانسلر پروفیسر ویڈی تھامسن کی ملاقات کی۔ ملاقات میں قانونی تعلیم میں پیشرفت پر تبادلہ خیال کیا۔ وزارت قانون و انصاف کے ترجمان کے مطابق لیگل ایجوکیشن پاکستان کیڈ ائریکٹر بیرسٹر اسامہ ملک بھی موجود تھے۔ اجلاس میں یونیورسٹی آف لندن کے لاء ڈگری پروگرام حوالے سے اقدامات پر توجہ مرکوز

(بقیہ نمبر 5 صفحہ 3)

اسلام آباد، پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری منعقدہ سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

26 ویں ترمیم ختم کرنے کا اختیار صرف پارلیمان کو ہے، بلاول بھٹو

سپریم کورٹ کا بینچ ہو یا آئینی بینچ انہیں آئین اور قانون کو ماننا پڑے گا، کوئی اور ادارہ آئین کو رول بیک کرے نہ ہم مانیں گے نہ کوئی اور

متنازع پکا ایکٹ پر میڈیا، ڈیجیٹل نمائندوں سے مشاورت ہوتی تو بہتر ہوتا، حکومت کو کوئی بھی قدم اٹھانے سے پہلے اتفاق رائے پیدا کرنا چاہیے

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ 26 ویں آئینی ترمیم کو ختم کرنے کا اختیار صرف پارلیمان کو ہے، وزیر اعظم شہباز شریف اپنے 5 سال مکمل کریں گے۔ اسلام آباد میں میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے سابق وزیر خارجہ بلاول بھٹو نے کہا کہ سپریم کورٹ کا جسٹس بینچ ہو یا آئینی بینچ انہیں آئین اور قانون کو ماننا پڑے گا، نئے چیف جسٹس کے لیے برادر جج کو مشکلات کریں گے، اگر کوئی غلط فہمی ہوئی ہے تو آنے والے دنوں میں دور ہو جائے گی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے

(بقیہ نمبر 9 صفحہ 3)

نہ ہم مانیں گے اور نہ کوئی اور۔ بلاول بھٹو زرداری نے مزید کہا کہ متنازع پکا ایکٹ پر میڈیا،

(بقیہ نمبر 1 صفحہ 3)

اسلام آباد، وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف سے لندن یونیورسٹی کے وائس چانسلر ملاقات کر رہی ہیں

آصف زرداری اور نواز شریف کے خلاف توشہ خانہ کیس، بے آئی نے تفتیش شروع کر دی

امنی گروپ کے حوالے سے بھی ریکارڈ اور شواہد کی تفصیلات طلب کر لی گئیں، ذرائع

اسلام آباد (آن لائن) ایف آئی اے کی جوائنٹ انوسٹی گیشن ٹیم نے توشہ خانہ کیس میں صدر آصف علی زرداری، سابق وزیر اعظم نواز شریف اور چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کیخلاف تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق ایف آئی اے کی ٹیم نے توشہ خانہ کیس میں کرکٹر کرشماٹیک شاہد آفریدی کو بھی طلب کیا ہے۔ خط میں آصف زرداری، نواز شریف اور یوسف رضا گیلانی کے ساتھ

(بقیہ نمبر 12 صفحہ 3)

چیئرمین بلاول بھٹو

پشاور، گوجرے کے پی فیصل کریم کنڈی کو چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل کاہل حیدر شاہ سے 20 لاکھ کا چیک دے رہے ہیں

حکومت کی جانب سے مذاکرات ختم نہیں ہوئے، انشاء اللہ

بی ٹی آئی والے جس طرف دیکھ رہے ہیں وہ سیاسی ایجنڈے پر بات نہیں کریں گے، اگر کوئی غلط فہمی ہوئی ہے تو آنے والے دنوں میں دور ہو جائے گی

ان کو پارلیمنٹ میں بیٹھنا بھی ہے اور تمام مراعات بھی حاصل کرنی ہیں، کے پی میں پی ٹی آئی والوں نے حکومت کرنی ہے لیکن کام نہیں کرنا، یہ لوگ لوگوں کو اکٹھا کرتے ہیں

اسلام آباد (آن لائن) وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ حکومت کی جانب سے مذاکرات ختم نہیں ہوئے، بی ٹی آئی والے جس طرف دیکھ رہے ہیں وہ سیاسی ایجنڈے پر بات نہیں کریں گے، اگر کوئی غلط فہمی ہوئی ہے تو آنے والے دنوں میں دور ہو جائے گی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے

(بقیہ نمبر 9 صفحہ 3)

مذاکرات میں واپس آئے، چارٹر آف ڈیمانڈ کا جواب دیں گے، بی ٹی آئی والے جس طرف دیکھ رہے ہیں وہ سیاسی ایجنڈے پر بات نہیں

بی ٹی آئی رہنما اسد قیصر کا فضل الرحمان سے ٹیلی فونک رابطہ، ملکی سیاسی صورتحال پر گفتگو

اسلام آباد (آن لائن) بی ٹی آئی رہنما اسد قیصر اور جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کے درمیان ٹیلی فونک رابطہ ہوا جس میں ملک کی سیاسی صورتحال پر گفتگو اور آگے ہفتے ملاقات کے حوالے سے مشاورت کی گئی۔ تفصیل کے مطابق

(بقیہ نمبر 11 صفحہ 3)

سندھ حکومت نے ناجائز منافع خوروں کیخلاف بھرپور کارروائی

ریٹ لسٹیں آویزاں نہ کرنے والوں کی دکانیں سربمہر کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ حکومت نے لاہور آئی این پی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما بیرسٹر علی ظفر نے پانی پی ٹی آئی کی جانب سے مذاکرات ختم کرنے کے اعلان کی وجہ بتائی۔ پاکستان تحریک انصاف کے رہنما بیرسٹر علی ظفر نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کل پانی پی ٹی آئی سے اڈیالہ جیل میں ملاقات ہوئی،

(بقیہ نمبر 10 صفحہ 3)

بانی پی ٹی آئی کی مجھ سے ملاقات کا انکار کی خبر جھوٹ ہے، شیر افضل مروت

جعلی خبریں میرے خلاف دی گئیں، میڈیا سے پندرہ دن دور رہوں گا، میں تنہائی بہتر ہوں عزت نفس سے زیادہ مجھے کچھ عزیز نہیں

ایسی باتیں پھیلانے سے میرے لوگوں کے دل میں میل پیدا ہوتا ہے، پی ٹی آئی رہنما کی پارلیمنٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما شیر افضل مروت نے بانی پی ٹی آئی کی ان سے ملاقات سے انکار کی خبر کو جھوٹ قرار دے دیا۔ شیر افضل مروت نے پارلیمنٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میڈیا کے ساتھ پکا ایک پر اظہار یکجتی کرتا ہوں کل سب چھوڑ نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی نے شیر افضل مروت کو ملنے سے اور آنے سے منع کر دیا، جو خیر جھوٹ ہے اس

(بقیہ نمبر 8 صفحہ 3)

26 ویں آئینی ترمیم کیخلاف سپریم کورٹ میں ایک اور درخواست دائر

اسلام آباد (آن لائن) 26 ویں آئینی ترمیم کے خلاف سپریم کورٹ میں ایک اور درخواست دائر کر دی گئی۔ درخواست ایڈووکیٹ وہم عباس کی جانب سے دائر کی گئی ہے، درخواست میں وفاقی حکومت، چیئرمین اسپیکی جوڈیشل کمیشن اور اٹارنی جنرل پاکستان کو فریق قرار دے

(بقیہ نمبر 3 صفحہ 3)

سندھ حکومت کا سزا یافتہ قیدیوں کے بچوں کو تعلیم مکمل کرنے میں مدد دینے کا فیصلہ

ریاستی کی ذمہ داری قانون پر عمل درآمد کروانے کے ساتھ بچوں کو تعلیم دینے کی بھی ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ حکومت کی طرف سے سزا یافتہ قیدیوں کے بچوں کو تعلیم مکمل کرنے میں مدد دینے کے حوالے سے ایک اہم فیصلہ کیا گیا ہے، صوبائی وزیر تعلیم سندھ سید سردار علی شاہ اور وزیر جیل خانہ جات علی حسن زرداری کی مشترکہ صدارت میں اجلاس ہونے والے اجلاس میں قیدیوں کے بچوں کو تعلیم کے حصول میں مدد فراہم کرنے کے حوالے سے تجاویز پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر سیکریٹری اسکول

(بقیہ نمبر 14 صفحہ 3)

190 ملین پاؤنڈ کیس بڑی واردات ہے، احتساب اور حساب ضرور ہوگا، خواجہ آصف

ملک ریاض کی یوا ای سے پاکستان کی حوالگی کا پراسس مکمل کر کے یہاں مقدمات چلائے جائیں گے، پریس کانفرنس سے خطاب

ریاست نے ملک ریاض پر ہاتھ ڈال دیا، بحریہ ٹاؤن کی قومی سطح پر تحقیقات کی ضرورت ہے، بی ایس خوش فہمی میں نہ رہے کہ حالات بدلنے پر ریلیف ملے گا

اسلام آباد (آن لائن) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ 190 ملین پاؤنڈز کیس بڑی واردات ہے، اب احتساب اور حساب ضرور ہوگا، ملک بھر میں قائم بحریہ ٹاؤن کے معاملے کی قومی سطح پر تحقیقات کرنے کی ضرورت ہے، ریاست نے 25 سال بعد ملک ریاض پر ہاتھ ڈال دیا ہے، اب ان کا پہنچنا مشکل ہے، کوئی اس خوش فہمی میں نہ رہے کہ حالات بدلنے پر ریلیف ملے گا۔

(بقیہ نمبر 15 صفحہ 3)

حیدر آباد، فائسل انڈر سیشنز کھلاڑی آرام کر رہے ہیں

پکا ایکٹ سینیٹ میں پیش، پی ٹی آئی کا احتجاج و نعرے بازی، صحافیوں کا واک آؤٹ

پی ٹی آئی ارکان اپنی نشستوں پر کھڑے ہو گئے، ڈیسک بجائے، مائیکروفون کی سرکاٹ دیئے گئے، نعرے

اسلام آباد (آن لائن) پکا ایکٹ ترمیمی بل کو ایوان میں پیش کیا گیا جسے وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے پیش کیا، بل پیش ہوتے ہی صحافیوں نے احتجاجاً سینیٹ سے واک آؤٹ کر دیا۔ سینیٹ اجلاس میں پی ٹی آئی ارکان نے شور شرابہ شروع کر دیا اور ایوان میں نعرے بازی کی، پی ٹی آئی ارکان اپنی نشستوں پر کھڑے ہو گئے اور احتجاج کرتے ہوئے ڈیسک بجائے اور ساتھ ہی نعرے لگائے کہ "الاگی گوئی کی سرکار نہیں چلے گی"۔ بعد ازاں پی ٹی آئی چیئرمین سینیٹ کے صحافیوں نے واک آؤٹ اور پی ٹی آئی کے احتجاج

(بقیہ نمبر 18 صفحہ 3)

بانی پی ٹی آئی نے مذاکرات ختم کرنے کا اعلان کیوں کیا؟ بیرسٹر علی ظفر نے بتا دیا

کل بانی پی ٹی آئی سے اڈیالہ جیل میں ملاقات ہوئی، حکومت کے پاس نہ اختیار ہے نہ مذاکرات کامیابی میں انکی مرضی، حکومت کی نیت ٹھیک نہیں

پارلیمنٹ میں بھی اس کی اجازت نہیں تو واک آؤٹ ہی ہوگا، پیکا قانون میں ایسی شقیں ہیں جو آزادی اظہار رائے کو نقصان پہنچا سکتی ہیں، بیرسٹر علی ظفر

ہمارے پاس نہ اختیار ہے نہ مذاکرات کامیابی میں انکی مرضی، حکومت کی نیت ٹھیک نہیں

(بقیہ نمبر 16 صفحہ 3)

کراچی، ماہی گیر مچھلی پکڑنے کیلئے سمندر کے اندر جا رہے ہیں

حکومت سے مذاکرات ناکام، پی ٹی آئی کے اپوزیشن جماعتوں سے رابطے

اسلام آباد (آن لائن) حکومت کے ساتھ مذاکرات کی ناکامی کے بعد پی ٹی آئی کے اپوزیشن جماعتوں سے رابطے شروع کر دیئے۔ ذرائع کے مطابق پی ٹی آئی اور یو ٹی آئی کے درمیان رابطے بحال ہو گئے، یو ٹی آئی اور پی ٹی آئی کے درمیان ملاقات آئندہ ہفتے ہوگی۔ ذرائع نے مزید بتایا کہ مولانا فضل الرحمان سے پی ٹی آئی وفد آئندہ ہفتے کے آغاز میں ملاقات کرے گا۔ حکومت کے ساتھ مذاکرات کی ناکامی کے بعد پی ٹی آئی کے اپوزیشن جماعتوں

(بقیہ نمبر 17 صفحہ 3)

جمعہ کو جرمانہ کرنے سے زیادہ ثواب اور کیا ہوسکتا، جسٹس جمال

سپریم کورٹ نے انسداد دہشت گردی عدالت کا فیصلہ کالعدم قرار دینے کی استدعا مسترد کر دی

اسلام آباد (آن لائن) سپریم کورٹ نے انسداد دہشت گردی عدالت کا فیصلہ کالعدم قرار دینے کی استدعا مسترد کر دی، جسٹس جمال منڈوخیل نے ریمارکس دیتے ہوئے کہا کہ جرمانہ کرنے سے زیادہ ثواب کا کام اور کیا ہوسکتا ہے۔ جسٹس جمال منڈوخیل کی سربراہی میں دو رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی۔ جسٹس قلم افغان نے کہا کہ اس واقعے میں راکٹ لانچر استعمال ہوا ہے، جب اسلحہ استعمال ہوگا تو کیس اے ٹی سی

(بقیہ نمبر 28 صفحہ 3)

پٹرولیم مصنوعات کی قومی درآمدات میں ماہانہ بنیادوں پر 23 فیصد اضافہ ریکارڈ

اسلام آباد (آن لائن) پٹرولیم مصنوعات کی قومی درآمدات میں نومبر 2024 کے دوران 23.07 فیصد اضافہ ریکارڈ ہوا۔ ادارہ برائے شماریات پاکستان کے اعداد و شمار کے مطابق اس دوران درآمدات کی مالیت 176 ارب روپے تک

(بقیہ نمبر 29 صفحہ 3)

پاکستان میں انسانی سمگلنگ میں ملوث گروہوں کے سدباب کیلئے خصوصی ٹاسک فورس قائم کی گئی،

(بقیہ نمبر 30 صفحہ 3)

انسانی سمگلنگ میں ملوث گروہوں کے سدباب کیلئے خصوصی ٹاسک فورس قائم

انسانی سمگلنگ میں ملوث انسانیت کے قاتلوں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا، ملوث گروہوں کے افراد کی گرفتاریوں میں تیزی لائی جائے

وزارت خارجہ انسانی سمگلروں کی نشاندہی میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں، پاکستانیوں کی اموات کے دلخراش واقعے پر محض سمیت پوری قوم مغموم ہے

اسلام آباد (آئی این پی) وزیر اعظم نے پاکستان میں انسانی سمگلنگ میں ملوث گروہوں کے سدباب کیلئے خصوصی ٹاسک فورس قائم کر دی۔ وزیر اعظم شہباز شریف کی زیر صدارت غیر قانونی تارکین وطن کی کشتی میں پاکستانیوں کی اموات کے واقعہ پر ہفتہ وار اجلاس ہوا جس میں

(بقیہ نمبر 3 صفحہ 3)

چیئرمین پاک بکا، دوستی الائنس کا مرن سعید عثمانی کا بکا، دینی طلبا کو تعلیمی اسکالرشپ دینے کا اعلان

دونوں ممالک کے درمیان ویزہ پالیسی ختم، ملٹری الائنس کے قیام کی تجویز

اسلام آباد (آن لائن) پاک بکا دوستی الائنس کے چیئرمین کامران سعید عثمانی نے دونوں ممالک کے درمیان ویزہ پالیسی ختم، ملٹری الائنس کے قیام کی تجویز پر زور دیا ہے۔ ممالک کے درمیان برادرانہ اور دوستانہ تعلقات

(بقیہ نمبر 37 صفحہ 3)

لاہور، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز سے ریڈیکل کالج لوہاری کے طلبا کا وفد ملاقات کر رہا ہے

پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں چار بل منظور، چار موخر کر دیئے گئے

قومی ادارہ برائے ٹیکنالوجی بل 2024، درآمدات اور برآمدات کنٹرول ایکٹ، چیئرمین پاکستان انسٹیٹیوٹ آف ٹیکسٹائل انسٹیٹیوٹ، تجارتی تنظیمات ترمیمی بل کثرت رائے سے منظور

اپوزیشن کا شدید احتجاج، نعرے بازی، نامنظور نامنظور کے نعرے، ایجنڈے کی کاپیاں پھاڑ دیں، اجلاس ملتوی ہونے پر بلاول ایوان میں آئے

اسلام آباد (آن لائن) پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں قومی ادارہ برائے ٹیکنالوجی بل 2024، درآمدات اور برآمدات کنٹرول ایکٹ ترمیمی بل کثرت رائے سے منظور کر لیئے گئے بانی چارمل موخر کر دیئے گئے پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سوا گھنٹہ کی تاخیر سے اپنا کیا تو اپنی اسمبلی سوا ایاز صادق کی

(بقیہ نمبر 22 صفحہ 3)

حکومت مذاکرات کے ہم پر اپوزیشن کو بے وقوف بنانا چاہتی تھی، شاہد خاقان عباسی

اسلام آباد (آئی این پی) پی ٹی آئی رہنما محمد قوی اسمبلی شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے کہ حکومت مذاکرات کے ہم پر اپوزیشن کو بے وقوف بنانا چاہتی تھی۔ نواز شریف اور شہباز شریف کی حکومت فارم 47 کی پیداوار ہے۔ جوڈیشل کمیشن بن گیا تو تمام حقائق منظر عام پر آجائیں گے۔ وہ جمعہ کو پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے دو پکا ایک پاس کیا ہے اس پر ہم صحافیوں کے ساتھ کھڑے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نومئی اور 26 نومبر کے حوالے سے حکومت کو چاہیے تھا کہ وہ جوڈیشل کمیشن بناتی۔ عمران خان کہہ رہا ہے کہ یہ ایک ڈھونگ حکومت ہے اور اب یہ ثابت ہو چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کے خلاف ایک بڑی احتجاجی تحریک کا اعلان کریں گے جس کے حوالے

(بقیہ نمبر 25 صفحہ 3)

بلاول بھٹو زرداری کی پیپلز پارٹی کی کابینہ میں شمولیت کی تردید

شامتے کے لیے امریکا ضرور جاؤں گا یہ تو والدہ کے دور سے چل رہا ہے، چیئرمین پیپلز پارٹی

اسلام آباد (آن لائن) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے پی ٹی آئی کابینہ میں شمولیت کی تردید کر دی۔ سلام آباد میں

(بقیہ نمبر 23 صفحہ 3)

اسلام آباد، پی ایم سی کے انتخاب سے قبل رکن قومی اسمبلی جاوید اکبر بیٹ اجلاس میں خطاب کر رہے ہیں

پاکستان میں پکا ایکٹ کیخلاف احتجاج، صحافیوں کا واک آؤٹ

اسلام آباد (آن لائن) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ تعلیم کو ایک خوشحال، ہمہ گیر اور ترقی پسند پاکستان کی بنیاد بنانے کے لیے مل کر کام کرنا ہوگا، مصنوعی ذہانت کی دنیا میں انسانی ارادہ و اختیار، تخلیقی صلاحیت، تنقیدی سوچ اور فیصلہ سازی کو مقدم رہنا چاہیے، ہم نے اپنے تعلیمی اداروں کو تکنیکی ترقی کو قبول کرنے کے لیے تیار کرنے کے لیے اہم اقدامات کیے ہیں، یہ

(بقیہ نمبر 2 صفحہ 3)

صارفین کو ملک بھر میں قانونی پٹرول پمپس اور آؤٹ لیٹس کی نشاندہی کرنے کے قابل بنائے گی

لیٹس کی نشاندہی کرنے کے قابل بنائے گی، چیئرمین اوگرا مسرور خان اقدام کے مثبت نتائج کیلئے پرامید ہے۔ آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی، فیڈرل بورڈ آف ریونیو اور آئل کمپنیز

اسلام آباد (آن لائن) اوگرا اور ایف بی آر کی مشترکہ مہم کے تحت جدید ترین موبائل ایپلیکیشن 'راہ گزر' کا آغاز، ایپ چوکر لاک انفارمیشن سسٹم ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے صارفین کو ملک بھر میں قانونی پٹرول پمپس اور آؤٹ

(بقیہ نمبر 21 صفحہ 3)

پی ٹی آئی کا شدید احتجاج، نعرے بازی، نامنظور نامنظور کے نعرے، ایجنڈے کی کاپیاں پھاڑ دیں، اجلاس ملتوی ہونے پر بلاول ایوان میں آئے

اسلام آباد (آن لائن) پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں قومی ادارہ برائے ٹیکنالوجی بل 2024، درآمدات اور برآمدات کنٹرول ایکٹ ترمیمی بل کثرت رائے سے منظور کر لیئے گئے بانی چارمل موخر کر دیئے گئے پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سوا گھنٹہ کی تاخیر سے اپنا کیا تو اپنی اسمبلی سوا ایاز صادق کی

(بقیہ نمبر 22 صفحہ 3)

حکومت مذاکرات کے ہم پر اپوزیشن کو بے وقوف بنانا چاہتی تھی، شاہد خاقان عباسی

اسلام آباد (آئی این پی) پی ٹی آئی رہنما محمد قوی اسمبلی شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے کہ حکومت مذاکرات کے ہم پر اپوزیشن کو بے وقوف بنانا چاہتی تھی۔ نواز شریف اور شہباز شریف کی حکومت فارم 47 کی پیداوار ہے۔ جوڈیشل کمیشن بن گیا تو تمام حقائق منظر عام پر آجائیں گے۔ وہ جمعہ کو پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے دو پکا ایک پاس کیا ہے اس پر ہم صحافیوں کے ساتھ کھڑے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نومئی اور 26 نومبر کے حوالے سے حکومت کو چاہیے تھا کہ وہ جوڈیشل کمیشن بناتی۔ عمران خان کہہ رہا ہے کہ یہ ایک ڈھونگ حکومت ہے اور اب یہ ثابت ہو چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کے خلاف ایک بڑی احتجاجی تحریک کا اعلان کریں گے جس کے حوالے

(بقیہ نمبر 25 صفحہ 3)

عمران خان نے تحریر کروایا کہ شیر افضل مروت کو جیل واپس سے روکا جائے، عدالتی حکم نامہ

اسلام آباد (آن لائن) پی ٹی آئی عمران خان نے شیر افضل مروت کا اڈیالہ جیل میں داخلہ کیوں کروایا، اس حوالے سے تفصیلات سامنے آ گئیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق بانی چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی طرف سے شیر افضل مروت کا اڈیالہ جیل میں داخلہ بند کرانے کا عدالتی حکم سامنے آ گیا، جس میں لکھا گیا ہے کہ بانی پی ٹی آئی نے عدالتی آرڈر میں تحریر کروایا کہ شیر افضل مروت ان کے وکیل نہیں ہیں۔ توشہ خانہ نو کیس کی گزشتہ روز کی سماعت کا تحریری حکم نامہ سامنے آ گیا، جس میں شیر افضل مروت کو کمرہ عدالت تک رسائی کی اجازت نہ دیئے جانے کو عدالتی حکم کا حصہ بنایا گیا ہے۔ آرڈر میں لکھا گیا کہ بانی پی ٹی آئی نے تحریر کروایا کہ شیر افضل مروت کو جیل واپس سے روکا جائے۔ حکم نامے کے مطابق عدالت کو اسسٹنٹ پراسیکیوٹر ہمایوں خان نے بتایا کہ شیر افضل مروت کمرہ عدالت میں داخلہ چاہتے ہیں۔ عدالت کو بتایا گیا کہ شیر افضل مروت توشہ خانہ نو کیس میں ڈیفنس کے وکیل ہیں، جس پر بانی پی ٹی آئی نے عدالت کو بتایا کہ شیر افضل مروت ان کے وکیل نہیں ہیں۔ بانی پی ٹی آئی نے عدالت کو بتایا کہ شیر افضل مروت کو اس کیس میں پیش ہونے کی اجازت نہ دی جائے۔ جیل انتظامیہ کا موقف کیس کی مزید سماعتوں کے لیے ریکارڈ پر لایا جاتا ہے۔ بانی پی ٹی آئی عمران خان نے شیر افضل مروت کا اڈیالہ جیل میں داخلہ کیوں کروایا، اس حوالے سے تفصیلات سامنے آ گئیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق بانی چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی طرف سے شیر افضل مروت کا اڈیالہ جیل میں داخلہ بند کرانے کا عدالتی حکم سامنے آ گیا، جس میں لکھا گیا ہے کہ بانی پی ٹی آئی نے عدالتی آرڈر میں تحریر کروایا کہ شیر افضل مروت کو جیل واپس سے روکا جائے۔ حکم نامے کے مطابق عدالت کو اسسٹنٹ پراسیکیوٹر ہمایوں خان نے بتایا کہ شیر افضل مروت کمرہ عدالت

(بقیہ نمبر 24 صفحہ 3)

چیئرمین سینیٹ نے اعجاز چیدری کو ہتھیل سے لانے کے پروڈکشن آرڈرز جاری کر دیئے

اسلام آباد (آن لائن) چیئرمین سینیٹ یوسف گیلانی نے پی ٹی آئی سینیٹر اعجاز چیدری کے پروڈکشن آرڈرز پر عمل درآمد تک اجلاس کی صدارت سے انکار کر دیا۔ ذرائع نے بتایا کہ یوسف رضا گیلانی نے اجلاس کی صدارت سے انکار کر دیا ہے، ان کا موقف ہے کہ جب تک تحریک انصاف کے سینیٹر اعجاز چیدری کو سینیٹ اجلاس میں لانے کے پروڈکشن آرڈرز پر عمل درآمد نہیں کر دیا جاتا میرے حکم پر عمل درآمد نہیں ہوگا اس وقت تک میں اجلاس کی صدارت نہیں کروں گا۔ واضح رہے کہ چیئرمین سینیٹ نے اعجاز چیدری کو ہتھیل سے لانے کے پروڈکشن آرڈرز دیئے ہوئے ہیں مگر جیل انتظامیہ اس پر عمل درآمد نہیں کر رہی جس پر

(بقیہ نمبر 26 صفحہ 3)

چیئرمین سینیٹ نے اعجاز چیدری کو پروڈکشن آرڈرز دیئے ہوئے ہیں

اجلاس میں لانے (پروڈکشن آرڈرز) کے میرے حکم پر عمل درآمد نہیں ہوگا اس وقت تک میں اجلاس کی صدارت نہیں کروں گا۔ واضح رہے کہ چیئرمین سینیٹ نے اعجاز چیدری کو ہتھیل سے لانے کے پروڈکشن آرڈرز دیئے ہوئے ہیں مگر جیل انتظامیہ اس پر عمل درآمد نہیں کر رہی جس پر

(بقیہ نمبر 26 صفحہ 3)

پاکستان کا غزہ میں جنگ بندی کا مطالبہ

پاکستان نے اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل سے غزہ میں انسانی بحران روکنے کے لئے فیصلہ کُن اقدامات کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ اسرائیل غزہ میں جو کچھ کر رہا ہے وہ جنگ نہیں بلکہ بے وطنی، نسلی صفایا اور تباہی کی مہم ہے، عالمی برادری اقوام متحدہ کے معاہدے (چارٹر) اور بین الاقوامی قوانین کے دفاع کے لئے متحد ہو۔ اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل کے غزہ کی صورتحال پر ہونے والے اجلاس میں پاکستانی مندوب عاصم افتخار نے اپنے خطاب کے دوران غزہ میں فوری اور غیر مشروط جنگ بندی کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ دنیا تاریخ کے ایک فیصلہ کن موڑ پر کھڑی ہے، اس کونسل کو فیصلہ کرنا ہے کہ یہ اپنی ذمہ داری نبھائے گی یا ایسے سے منہ موڑ لے گی، فلسطینی اس کونسل سے اُمید، انصاف اور اَمن کے وعدے کی توقع رکھتے ہیں، انہیں مایوس نہیں کرنا چاہیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سلامتی کونسل غزہ کی غیر انسانی ناکہ بندی ختم کرا کے محفوظ اور مستحکم انسانی راہداریوں کے قیام کو یقینی بنانے میں اپنا کردار ادا کرنے کے ساتھ ساتھ شہری آبادی اور انفراسٹرکچر کو نشانہ بنانے کے علاوہ دیگر جنگی جرائم کی آزاد اور شفاف تحقیقات بھی کرے۔ عاصم افتخار کا کہنا تھا کہ اقوامِ متحدہ کی متعلقہ قراردادوں کی بنیاد پر دو رياستی حل کے عمل کا آغاز کیا جائے۔ انہوں نے پاکستان کی طرف سے فلسطین کو اقوامِ متحدہ کی مکمل رکنیت دینے کا مطالبہ بھی کیا۔ پاکستان نے نیاسال شروع ہوتے ہی کیم جنوری کو اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل کے غیر مستقل رکن کی حیثیت سے اپنی جگہ سنبھال لی ہے، وہ آئندہ دو سال تک سلامتی کونسل کا حصہ رہے گا۔ پاکستان آٹھویں مرتبہ غیر مستقل رکن منتخب ہوا ہے۔ واضح رہے کہ اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل میں پانچ مستقل رکن ممالک ہیں جن میں امریکہ، روس، فرانس، برطانیہ اور چین شامل ہیں اور انہیں عرف عام میں ''فائیو پیز'' کہہ کر بھی پکارا جاتا ہے، اس کے ساتھ ساتھ دس غیر مستقل رکن ممالک بھی ہوتے ہیں جن کا انتخاب اقوامِ متحدہ کی جنرل اسمبلی کرتی ہے، ہر سال پانچ اراکین ملک دو سال کے لئے منتخب ہوتے ہیں جو کہ دنیا کے مختلف حصوں کی نمائندگی کرتے ہیں۔ گزشتہ سال جون میں اِس مقصد کے لئے انتخاب ہوا، جس میں پاکستان کو بھرپور حمایت حاصل ہوئی، جنرل اسمبلی کے 193 رکن ممالک میں سے 182 نے پاکستان کے حق میں ووٹ دیا، پاکستان اب جاپان کی جگہ ایشیائی ممالک کی نمائندگی کرے گا۔ اس کے ساتھ ساتھ ڈنمارک، یونان، پانما اور صومالیہ بھی سلامتی کونسل کے غیر مستقل رکن منتخب ہوئے۔ انہوں نے بالترتیب ایکواڈور، مالٹا، موزمبیق اور سوئٹزرلینڈ کی جگہ لی ہے۔ پاکستان نے اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل میں اپنی پوزیشن سنبھالتے ہی غزہ میں نسل کشی اور انسانی بحران روکنے کے لئے فیصلہ کُن اقدامات کا مطالبہ کیا ہے، سلامتی کونسل کو اس سلسلے میں اپنا کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے۔

فلسطین میں اسرائیلی حملے شروع ہوئے ایک سال سے زیادہ کا عرصہ گزر چکا ہے۔ بین الاقوامی میڈیا رپورٹس کے مطابق گزشتہ تین روز میں دہشتہ بمباری کے نتیجے میں ایک ہی خاندان کے 15 افراد کے علاوہ بچوں اور خواتین سمیت 200 سے زائد فلسطینی شہید ہوئے جبکہ گھروں کے ملبے میں اب بھی درجنوں افراد دبے ہوئے ہیں، امدادی کاموں کے دوران لاشیں ملنے کا سلسلہ جاری ہے جبکہ زخمیوں کے لئے ہسپتال میں طبی سہولیات دستیاب نہیں ہیں۔ حالیہ بمباری سے گھر فلسطینیوں کی پناہ گاہوں پر کی گئی۔ اکتوبر 2023ء ؁ سے لے کر اب تک شہید ہونے والے فلسطینیوں کی تعداد 45 ہزار 600 سے متجاوز ہے جن میں زیادہ تعداد بچوں اور خواتین کی ہے جبکہ اب تک ایک لاکھ آٹھ ہزار سے زائد فلسطینی زخمی ہو چکے ہیں۔ تازہ ترین خبر ہے کہ امریکہ مزید آٹھ ارب ڈالر کے ہتھیار اسرائیل کو بیچے گا جن میں مختلف اقسام کا اسلحہ، میزائل، ڈرونز اور بارود شامل ہے۔ یاد رہے کہ امریکی ہتھیاروں کا یہ پیکیج لگ بھگ 18 ارب ڈالر کی اُس فوجی امداد کے علاوہ ہے جو امریکہ اکتوبر 2023ء ؁ کے بعد سے اب تک اسرائیل کو فراہم کر چکا ہے جس کی بدولت اسرائیل کے غزہ پر حملے جاری ہیں۔ امریکی صدر جو بائیڈن اس پیکیج کے حوالے سے کہتے ہیں کہ اسرائیل کو بین الاقوامی قانون اور بین الاقوامی انسانی قانون کے مطابق اپنے شہریوں کا دفاع کرنے کا حق حاصل ہے اور امریکہ اس مقصد کے لئے ضروری صلاحیتیں فراہم کرتا رہے گا۔ اسرائیل مشرق وسطیٰ میں جنگ کا دائرہ بڑھاتا جا رہا ہے، وہ اور اس کے حمایتی یہ بھول گئے ہیں کہ دنیا کا کوئی بھی قانون حق دفاع کی آڑ میں نسل کشی یا جنگی جرائم کی اجازت نہیں دیتا۔ اسرائیل مسلسل بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی کر رہا ہے وشہری آبادی اور پناہ گاہوں پر بمباری کر رہا ہے، عمارتوں کو ملبے کے ڈھیر میں تبدیل کر رہا ہے، پانی بجلی اور گیس کے علاوہ صحت اور تعلیم جیسی بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لئے قائم عمارتوں کو نشانہ بنا رہا ہے، ہسپتال، سکول یہاں تک کہ مساجد اور عبادت گاہیں بھی محفوظ نہیں ہیں۔ گریٹر اسرائیل کا خواب پورا کرنے کی دھن میں وہ آگے بڑھتا ہی چلے جا رہا ہے اور اب تک کوئی بھی اسے روک نہیں سکا۔ اِس میں کوئی دو آراء ؁ نہیں کہ دنیا اس وقت مشکل دور سے گزر رہی ہے، عالمی طاقتوں کے درمیان تقسیم ہے، ایک طرف غزہ تو دوسری طرف یوکرین اور روس کے درمیان جنگ جاری ہے، بعض عرب اور افریقی ممالک کو بھی اَمن وامان اور استحکام کے حوالے سے مسائل کا سامنا ہے، ایسے میں سلامتی کونسل کی ذمہ داریاں کئی گنا بڑھ جاتی ہے۔ پاکستان سلامتی کونسل میں موجود ہے، چاہے اس کی حیثیت غیر مستقل رکن کی ہے، لیکن وہ بھرپور کردار ادا کر سکتا ہے۔ سلامتی کونسل کا بنیادی کام عالمی اَمن کا قیام اور بین الاقوامی سلامتی کے لئے ممکنہ خطرات سے نمٹنا ہے، موجودہ صورتحال میں پاکستان پر لازم ہے کہ وہ سلامتی کونسل کے ایجنڈے یعنی عالمی اَمن کی کوششوں کو آگے بڑھانے کے ساتھ ساتھ درپیش ممکنہ خطرات کے تدارک کے لئے بڑھ چڑھ کر کام کرے۔

سموگ تدارک کیس، حکومت کو ذمہ داری اور ایمرجنسی لگانی چاہئے، لاہور ہائیکورٹ

لاہور (آن لائن) لاہور ہائیکورٹ نے سموگ اور ماحولیاتی آلودگی کے تدارک سے متعلق درخواستوں پر سماعت کرتے ہوئے کہا کہ ہم کیسے کہہ سکتے ہیں کہ حکومت کو ذمہ داری اور ایمرجنسی لگانی چاہئے۔ ساعت کے دوران جسٹس شاہد کریم نے کہا کہ اگر رواں سال بھی بارش نہیں ہوئی تو یہ لاہور کے لئے صورتحال ہے۔ حکومت کو ذمہ داری اور ایمرجنسی لگاتے ہوئے پانی کے ضیاع کو روکنا چاہئے، جج کا کہنا تھا کہ لاہور ہائیکورٹ میں بھی پائپوں کے ذریعے صحن دھویا جاتا ہے، زیرزمین پانی کی کمی کو ہم بھی جانتے ہیں، عدالت کا کہنا تھا کہ 10 مرلے والے میں اپنے لوئی ایک گھر میں بیٹھ کر ہمیں میں پانی کی ریسائیکلنگ کا پلانٹ نہ ہو۔ جسٹس شاہد کریم نے استفسار کیا کہ ڈائریکٹر پبلک ایم ایم اے کہاں ہیں؟ کیا پی ڈی ایم اے کو نوٹس نہیں ایشو چاہیے تھا؟ جج نے ریمارکس دیے کہ پی ڈی ایم اے کو بند کر دیں اگر اس نے کچھ نہیں کرنا، پی ڈی ایم اے خود سے تو کچھ نہیں کرتا۔ عدالت کا کہنا تھا کہ گرم کام کورٹ نے لیا

محکمہ موسمیات کراچی میں ہفتہ اور اتوار کو درجہ حرارت سنگل ڈیجٹ تک گرنے کی پیش گوئی

کراچی (آن لائن) محکمہ موسمیات نے کراچی میں ہفتہ اور اتوار کو درجہ حرارت سنگل ڈیجٹ تک گرنے کی پیش گوئی کر دی۔ تفصیل کے مطابق کراچی میں تیز ہوا کے باعث رات سے سردی کی شدت میں اضافہ ہوگیا، درجہ حرارت میں اعشاریہ نو ڈگری رہا لیکن شدت آئیسولیٹ گریٹ محسوس کی گئی۔ محکمہ موسمیات کے جانب سے کہا گیا ہے کہ سردی کی علاقہ بدر جنوری کے اختتام تک جاری رہے گی۔ محکمہ موسمیات نے شہر میں سردی بڑھنے کی پیشگوئی کرتے ہوئے کہا کہ ہفتے اور اتوار کو پارہ سنگل ڈیجٹ تک جاسکتا ہے اور خشکی ہوائیں بھی چلیں گی۔ محکمہ موسمیات کا کہنا تھا کہ رات کم سے کم درجہ حرارت 10.9 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ ہوا، شمال شرق سے 7 کلومیٹر فی گھنٹی کی رفتار سے ہوا چل رہی ہے جبکہ ہوا میں نمی کا تناسب 35 فیصد ہے۔ دوسری جانب ملک بھر میں سردی کی شدت برقرار ہے، بالائی علاقوں میں پہاڑوں پر برف کی سفیدی چھائی ہے اور درجہ حرارت بدستور منفی انجماد سے نیچے ہے۔ بلوچستان میں بھی بارش اور برف باری کیوجہ خون جما دینے والی سردی ہے، ہفتہ میں پارہ منفی بارہ ڈگری ریکارڈ کیا گیا۔ کالام، گوپئس اور استور میں منفی آٹھ کو گرا جبکہ قلات منفی انیس، اسکردو منفی چھ، بنجنوز اور کوئٹہ منفی چار جبکہ سالم بھیہ اور میر میں منفی تین سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔

وزیر اعلیٰ سندھ کا بیان تعلیم دشمنی اور وڈیرہ شاہی ذہنیت کی عکاسی کرتا ہے، ایم کیو ایم

کراچی (آن لائن) ایم کیو ایم پاکستان کے ترجمان نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ سندھ کا بیان تعلیم دشمنی اور وڈیرہ شاہی ذہنیت کی عکاسی کرتا ہے۔ ایم کیو ایم پاکستان کے ترجمان نے وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ کے واٹس ایپ آڈیو کی تقریر سے متعلق بیان کو حقائق کے منافی اور جھوٹی گمراہ کن قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ مراد علی شاہ کا بیان فرسودہ نظام کو مزید تقویت دینے اور جاہلت کی خودغرضی پر ٹھپے کے مترادف ہے، جبکہ اطلاعات ہیں ترجمہ کی آڑ میں تمام اختیارات دوسائل کو وزیر اعلیٰ کے گھر کی باندی بنا دیا گیا ہے۔ ایم کیو ایم پاکستان نے کہا کہ وزیر اعلیٰ سندھ کا دھمکی آمیز لہجہ ان کی بے چینی کو نمایاں کر رہا ہے۔ ایم کیو ایم پاکستان کے ترجمان نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ سندھ کا بیان تعلیم دشمنی اور وڈیرہ شاہی ذہنیت کی عکاسی کرتا ہے۔ ایم کیو ایم پاکستان کے ترجمان نے وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ کے واٹس ایپ آڈیو کی تقریر سے متعلق بیان کو حقائق کے منافی اور جھوٹی گمراہ کن قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ مراد

کالعدم تنظیموں کی ہٹ لسٹ پر ہوں سکیورٹی لے لی گئی ہے، صاحبزادہ حامد رضا

اسلام آباد (آن لائن) سنی اتحاد کونسل کے سربراہ صاحبزادہ حامد رضا نے انکشاف کیا ہے کہ کالعدم تنظیموں کی ہٹ لسٹ پر ہوں مجھ سے سکیورٹی پہلے ہی لے لی گئی ہے۔ ایک انٹرویو میں صاحبزادہ حامد رضا نے کہا کہ کنڈکٹر ڈیوٹی دیتے وقت بیٹا اغوا ہوا تھا تو بڑی تعداد میں پولیس نفری آئی، کالعدم تنظیموں کی ہٹ لسٹ پر ہوں، 3 سازشے 3 گھنٹے کیلئے بڑی تعداد میں اہلکاروں نے آکر سکیورٹی لے لی۔ حامد رضا نے کہا کہ ہمیں میں تلہیاں ہیں کچھ عرصے پہلے ایم پی اے کو گرفتار کیا گیا تھا، حکومت کیساتھ مذاکرات ختم نہیں ہوئے۔ انھوں نے کہا کہ پانی کی ٹی ٹی کا پیغام آیا کہ جو دیئلش کیشن نہیں ہنا تو مذاکرات نہ کریں، ہیکی میٹنگ میں کہا تھا کہ پانی کی ٹی ٹی سے ملاقات کریں، حکومتی میٹی نے پانی کی ٹی ٹی سے ملاقات کرانے کی یقین دہانی کرائی۔ چیئرمین سنی اتحاد کونسل نے کہا کہ تیسری ملاقات میں ملاقات نہیں ہوئی، حکومتی کمیٹی بھی رتھی مطالبات میں پانی کی ٹی ٹی کی رہائی کا کہا ہوگا۔ صاحبزادہ حامد رضا نے کہا کہ ہم نے تحریری معاہدہ کیا تھا، پانی کی ٹی ٹی رہائی کا نہیں لکھا، یہ لوگ ٹالنا چاہتے تھے تحریری مطالبات لیو اس کے لیے ان آراء ؁ ہاگ لیا، تیسری میٹنگ کے بعد ارتا ثالثہ اور عرفان صدیقی کی پریس کانفرنس دیکھیں۔ تحریک نے بات کی کہ 9 ویں کے مقدمات میں ایک شخص 3 جگہ پر موجود ہے، شاہد محمود قریشی کرایئں میں تھے اور مقدمات میں کہا گیا راولپنڈی میں تھے، تحکومت مذاکرات کے ذریعے جو تاثر بنانا چاہتی تھی وہ موقع ہم نہیں دیا۔ حامد رضا کا کہنا تھا کہ پانی کی ٹی ٹی کہتے ہیں کہ آزاد کیشن کے ذریعے ہونے دیں، پانی کی ٹی ٹی سے ملاقات کرانے کی یقین دہانی

بانی پی ٹی آئی نے کہا مذاکرات ختم تو مذاکرات ختم، زرتاج گل

جو نیوز پر بنائی گئی اس کا 190 ملین پاؤنڈ سے کوئی تعلق ہی نہیں

اسلام آباد (آن لائن) قومی اسمبلی میں پی ٹی آئی کی پارلیمانی لیڈر زرتاج گل نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی نے کہا کہ مذاکرات ختم تو مذاکرات ختم، جو نیوز پر بنائی گئی اس کا 190 ملین پاؤنڈ سے کوئی تعلق ہی نہیں، وزیر اعظم شہباز شریف اور ان کی کابینہ اس بند لفافے کو اوپن کرنے سے ڈر رہی ہے کہ اس کی پارٹی نے بے چین کا مظاہرہ کرتے ہوئے مذاکرات شروع کیے تھے لیکن حکومت نے جو دیئلش کیشن نہیں بنایا، ہمارے 14 لوگ شہید ہوگئے اس کے باوجود مذاکراتی کمیٹی بنائی، سمجھوتہ دیکھیے میں نے بڑے سادہ ڈیمانڈ کی، رزتاج گل نے کہا کہ اِس ایشو پر واحد پارلیمانی ہیں جو دوٹ کی طاقت سے آئے ہیں، 9 مئی کے متاثر ہیں ہم ہیں اور ان لوگ نے حکومت سٹیبلشمنٹ ہے، حکومت نے اپنی بالائی ایوان کے لرکت چھپانے کی کوشش کی، حکومت سیاسی بلوف دکھائی اور جو دیئلش کیشن بنا دیتے۔ کسی اور سیاسی پارٹی پر اتنا مشکل وقت آتا تو وہ بھوک ہڑتال پہ ہوتے، بار بار کہا اس چیز کی ہڑاد سے رہے ہیں جس کے ہم پانی کی ٹی ٹی سٹیبلشمنٹ ہیں۔ پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ جو

سندھ حکومت نے پیپلز بس سروس کے کرایوں میں 60 فیصد تک اضافہ کر دیا

ریڈ لائن بس کا کم سے کم کرایہ 50 سے بڑھا کر 80 کر دیا گیا

کراچی (آن لائن) محکمہ ٹرانسپورٹ سندھ نے صوبہ بھر میں پیپلز بس سروس کے کرایوں میں 60 فیصد تک اضافے کا فیصلہ کرلیا، کم سے کم کرایہ 50 روپے سے بڑھا کر 80 روپے کر دیا گیا ہے۔ محکمہ ٹرانسپورٹ سندھ نے صوبہ بھر میں پیپلز بس سروس (ریڈ لائن) کے کرایوں میں 60 فیصد تک اضافہ کردیا، کم سے کم کرایہ 80 روپے مقرر کردیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق پیپلز بس کم سے کم کرایہ 50 روپے اور زیادہ سے زیادہ 100 روپے تھا، 15 کلومیٹر زائد فاصلے کیلئے کرایہ 120 روپے ہوگا۔ رپورٹ کے مطابق کرایوں میں اضافے کا اطلاق یکم فروری سے ہوگا۔ مسافروں کا کہنا ہے کہ مہنگائی کے اس دور میں کرایہ بڑھنے کا تو پریشانی ہوگی، پہلے پچاس روپے میں سفر کرتے تھے اب 120 روپے لگیں گے، اضافی بوجھ پڑے گا۔ محکمہ ٹرانسپورٹ سندھ نے صوبہ بھر میں پیپلز بس سروس کے کرایوں میں 60 فیصد تک اضافے کا فیصلہ کرلیا، کم سے کم کرایہ 50 روپے سے بڑھا کر 80 روپے کر دیا گیا ہے۔ محکمہ ٹرانسپورٹ سندھ نے صوبہ بھر میں پیپلز بس سروس (ریڈ لائن) کے کرایوں میں 60 فیصد تک اضافہ کردیا، کم سے کرایہ 80 روپے مقرر کردیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق پیپلز بس کم سے کرایہ 50 روپے اور زیادہ سے زیادہ 100 روپے تھا، 15 کلومیٹر زائد فاصلے کیلئے کرایہ 120 روپے ہوگا

پی آر اے پاکستان کا پیکا قانون میں منظور کی گئی ترامیم پر شدید تحفظات کا اظہار

اسلام آباد (آن لائن) پارلیمانی رپورٹرز ایسوسی ایشن (پی آر اے) پاکستان نے وفاقی وزیر قومی اسمبلی ایاز صادق سے اگلے چیمبر میں ملاقات کی۔ پی آر اے پاکستان کے صدر عثمان خان، سیکرٹری نوید اکبر اور فنانس سیکرٹری اصغر چودھری مشترکہ وفد نے پیکا قانون میں منظور کی جانیوالی ترامیم کو آئینی سے منظور کرانے پر اپنے شدید تحفظات پیکر کے سامنے رکھے، پیکر کو اپنے موقع سے آگاہ کرتے ہوئے پی آر اے پاکستان نے وفد نے بتایا کہ پیکا ایکٹ میں ترامیم پارلیمانی پروسیجر کی طرح متاثر ہوگئی، ایک شریک کو آئین میڈیا کو نشانہ بنایا جا گا ۔ پیکر

بقیہ 1

ڈیجیٹل نمائندوں سے مشاورت ہوتی تو بہتر ہوتا، حکومت کو کوئی بھی قدم اٹھانے سے پہلے اتفاق رائے پیدا کرنا چاہیے۔ صحافی کے سوال کیا کہ پیپلز پارٹی کا پینل کا بائیکاٹ کیوں کیا گیا؟ جواب میں چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ پیپلز پارٹی کا صحافیوں کا تحفظ ہمیشہ کا حصہ نہیں رہی، وزیر اعظم شہباز شریف 5 سال وزیر اعظم رہ پائیں گے اور وزیر اعظم شہباز شریف اپنے 5 سال مکمل کریں گے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی حلف برداری کی تقریب میں بھارتی وزیر اعظم کو دعوت ملنے اور پاکستانی وزیر خارجہ کو نہ ملنے کے سوال پر بلاول بھٹو نے کہا کہ ہر ملک کی اپنی خارجہ پالیسی ہوتی ہے، جو وہ فیصلہ کرتے ہیں، ہمیں صدر کو حلف برداری کی تقریب میں شرکت کی دعوت دی گئی، جس کے بعد ضروری تھا کہ بھارت کی طرف سے بھی نمائندگی ہوتی، انہوں نے کہا کہ جہاں تک پاکستان کی خارجہ پالیسی کا تعلق ہے، پیپلز پارٹی کا ہمیشہ کے لیے یہ نظریہ رہا ہے کہ ہمیں پڑوسی ممالک کے ساتھ امریکا اور چین کے حالات دیکھنے ہوں گے، چین سے صدر کے حلف برداری کی تقریب میں شرکت کی دعوت دی گئی، جس کے بعد ضروری تھا کہ بھارت کی طرف سے بھی نمائندگی ہوتی، انہوں نے کہا کہ جہاں تک پاکستان کی خارجہ پالیسی کا تعلق ہے، پیپلز پارٹی کا نظریہ ہے کہ اسے پڑوسی ممالک کے ساتھ اچھے تعلقات رکھنے ہوں گے، پاکستان کے ایٹمی اثاثے اور ایٹمی پروگرام پر سمجھوتہ کرنے کی بات کی گئی، بلاول بھٹو زرداری کا کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی کا نظریہ ہے کہ ہمیں پڑوسی ممالک کے ساتھ اچھے تعلقات رکھنے ہوں گے، انہوں نے کہا کہ ہم پاکستان کے ایٹمی اثاثے اور ایٹمی پروگرام پر سمجھوتہ کرنے کی بات کی گئی، بلاول بھٹو زرداری کا کہنا تھا کہ ہم

امریکا نے ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی رحم کی اپیل مسترد کردی

حکومت نے عدالت کو آگاہ کر دیا، امریکا نے ہمیں ہماری اوقات دکھا رہا ہے

جوبائیڈن نے اپنے بیٹے کی سزا معاف کر دی لیکن ہمارے قیدی کی نہیں، جسٹس سردار اعجاز اسحاق

اسلام آباد (آن لائن)، وفاقی حکومت نے اسلام آباد ہائیکورٹ کو آگاہ کیا ہے کہ امریکا نے ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی رحم کی اپیل مسترد کر دی، جسٹس سردار اعجاز اسحاق نے ریمارکس میں کہا کہ امریکا ہمیں ہماری اوقات دکھا رہا ہے، سابق امریکی صدر نے اپنے بیٹے کی سزا تو معاف کر دی لیکن ہمارے قیدی (عافیہ) کو رہا نہیں کیا، انہوں نے یہ ریمارکس جمعہ کے روز دیے ہیں، ڈیکلا وزیر اعظم

(بقیہ 38 ونی صفحہ 3)

اپوزیشن کا صحافیوں سے اظہار یکجہتی، پیکا ایکٹ آزادی صحافت کے منافی قرار

حکومت نے تمام میڈیا کی سکریٹز کو سرکاری ٹی وی بنا دیا گیا ہے، شبلی فراز

اسلام آباد (آن لائن) پیکا ایکٹ کے خلاف صحافیوں سے اپوزیشن کی اظہار یکجہتی، اپوزیشن لیڈر سینیٹر شبلی فراز نے پیکا ایکٹ کو آزادی صحافت کے منافی قرار دیتے ہوئے مسترد کر دیا۔ جمعہ کو سینیٹ اجلاس کے موقع پر ایوان بالا کی پریس گیلری سے صحافیوں کے احتجاجی مارچ کے موقع پر سینیٹر شبلی فراز نے میڈیا کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا اس موقع پر اپوزیشن لیڈر سینیٹر شبلی فراز نے کہا کہ وفاقی حکومت

(بقیہ 29 ونی صفحہ 3)

ڈوب، اسسٹنٹ کمشنر محمود نوید عالمغزی میڈیکل کیمپ کا معائنہ کررہے ہیں

تحریک انصاف نے چیئرمین پی ایس کیلئے پانچ نام سپیکر قومی اسمبلی کو بھجوا دیئے

جنید اکبر خان، عامر ڈوگر، شیخ وقاص اکرم، خواجہ شیراز اور عمر ایوب کے نام شامل

اسلام آباد (آن لائن) تحریک انصاف نے چیئرمین پی ایس کے لیے پانچ ناموں پر مشتمل پینل حکومت کو بھجوا دیا، پارلیمانی ذرائع کے مطابق اپوزیشن کی جانب سے بھجوئے گئے پانچوں نام بیکثرتی اسمبلی اسٹیج سے کو موصول ہوگئے ہیں، ان ناموں میں جنید اکبر خان، عامر ڈوگر، شیخ وقاص اکرم، خواجہ شیراز اور عمر ایوب کے نام شامل ہیں۔ تحریک انصاف نے چیئرمین پی ایس کے لیے پانچ ناموں پر مشتمل پینل حکومت کو بھجوا دیا، پارلیمانی ذرائع کے مطابق اپوزیشن کی جانب سے بھجوئے گئے پانچوں نام بیکثرتی اسمبلی اسٹیج سے کو موصول ہوگئے ہیں، ان ناموں میں جنید اکبر خان، عامر ڈوگر، شیخ وقاص اکرم، خواجہ شیراز اور عمر ایوب کے نام شامل ہیں۔ تحریک انصاف نے چیئرمین پی ایس کے لیے پانچ ناموں پر مشتمل پینل حکومت کو بھجوا دیا، پارلیمانی ذرائع کے

(بقیہ 42 ونی صفحہ 3)

حکومت کے پاس کچھ بھی نہیں، اصل کھلاڑی اسٹیبلشمنٹ ہے، عاطف خان

حکومت اڈیالہ میں بیٹھے قیدی سے این آر او مانگ رہی ہے

اسلام آباد (آئی این پی) پی ٹی آئی رہنما ممبر قومی اسمبلی عاطف خان نے کہا ہے کہ حکومت کے پاس کچھ بھی نہیں، اصل کھلاڑی اسٹیبلشمنٹ ہے۔ حکومت نے مذاکرات کے نام پر صرف وقت ضائع کیا ہے۔ وہ جمعہ کو پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ یہ مذاکرات صرف ایک دھوکے تھا، انہوں نے کہا کہ عمران خان نے واضح کر دیا ہے کہ حکومت جوڈیشل کمیشن بنانے میں سنجیدہ نہیں ہے لہذا ان مذاکرات کو ختم سمجھا جائے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اڈیالہ میں بیٹھے قیدی سے این آر او مانگ رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت صرف اپوزیشن کا مصروف رکھنا چاہتی تھی، نومبر اور 26 دسمبر کے حوالے سے وہ جوڈیشل کمیشن بنانے میں ٹال مٹول چاہتی ہے کیونکہ وہ

(بقیہ 43 ونی صفحہ 3)

سلامتی کونسل غزہ کے بچوں پر مظالم کے خلاف اسرائیل کا احتساب کرے، پاکستان

اسرائیل کا احتساب بین الاقوامی قانون کی بالادستی کیلئے ضروری ہے، مستقل مندوب منیر اکرم

فلسطینی عوام کو وہاں اپنے گھروں کو جانے کیلئے کہا جا رہا ہے جبکہ غزہ میں کوئی گھر نہیں، سب کچھ تباہ ہو چکا، وہ کہاں جائیں گے

نیویارک (آن لائن) پاکستان نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل سے مطالبہ کیا ہے کہ غزہ کے بچوں پر مظالم کے خلاف اسرائیل کا احتساب کیا جائے، یہ بات پاکستان کے مستقل مندوب منیر اکرم نے غزہ کے بچوں کی حالت زار پر اجلاس سے خطاب میں کہی۔ انہوں نے کہا اسرائیل کا احتساب بین الاقوامی قانون کی بالادستی کیلئے ضروری ہے۔ پاکستانی مندوب کا کہنا تھا کہ غزہ

(بقیہ 45 ونی صفحہ 3)

پاکستان کی آئرن اور اسٹیل کی پیداوار میں کمی پر تشویش کا اظہار

صنعت کو درپیش چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے اس کے ساتھ مل کر کام کرے

کراچی (آن لائن) فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سابق سینئر نائب صدر، آئرن اینڈ اسٹیل مرچنٹس ایسوسی ایشن کے سابق چیئرمین اور ریجنل چیئرمین نیوٹائیڈ بشیر گروپ (UBG) خالد توآب نے تشویش کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ اعداد و شمار کے مطابق 2023-24 میں اسٹیل مصنوعات (بلٹس) کی پیداوار 4.914 ملین ٹن رہی، جو پچھلے سال کے مقابلے میں 7.94 فیصد کی منفی کمی کو ظاہر کرتی ہے۔ اس کی بڑی وجہ تعمیراتی صنعت کی سست روی ہے جو اسٹیل کی مصنوعات کا ایک بڑا صارف ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ آئرن اور اسٹیل کا شعبہ پاکستان کی معیشت میں نمایاں طور پر حصہ ڈالتا ہے جو بڑے پیمانے پر پیوستہ فیلیکیٹر (LSM) کیلئے 5.4 فیصد حصہ ہے اور ملک بھر میں 400 سے زائد صنعتی یونٹس میں 100,000 سے زائد افراد کو روزگار فراہم کرتا ہے۔ پاکستان نے 2023 میں آئرن اور اسٹیل اور اس کے سامان کی برآمدات کی مالیت 1.44 ملین ڈالر تھی جس میں پچھلے سال کے مقابلے میں 3.4 فیصد اضافہ ہوا تھا۔ تاہم، 2023 میں آئرن اور اسٹیل کے سامان کی کلی درآمدات 3.1 بلین ڈالر رہی، جو پچھلے سال کے مقابلے میں 30.0 فیصد کی کمی کو ظاہر کرتی ہے۔ 2023 میں پاکستان کے آئرن اور اسٹیل کی برآمدات کے لیے اہم ممالک، کینیڈا اور پولینڈ سرفہرست تھے؛ جبکہ بیلجیم، برطانیہ اور متحدہ عرب امارات درآمدات کے سرفہرست ذرائع

(بقیہ 56 ونی صفحہ 3)

کمرشل امپورٹرز کا گورنر اسٹیٹ بینک شرح سود سنگل ڈیجٹ پر لانے کا مطالبہ

اسٹیٹ بینک کی مانیٹری پالیسی کمیٹی افراط زر میں کمی کو مدنظر رکھتے ہوئے شرح سود میں نمایاں کمی محمد وسیم الدین

سنگل ڈیجٹ شرح سود سے کاروباری سرگرمیوں میں تیزی آئے گی، معیشت پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے، چیئرمین پی ٹی وی ایم ایف

کراچی (آن لائن) پاکستان کمیکلز اینڈ ڈائز مرچنٹس ایسوسی ایشن (پی ٹی وی ایم ایف) کے چیئرمین سلیم وی محمد نے گورنر اسٹیٹ بینک کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ پالیسی ریٹ میں کمی سے کاروباری سرگرمیوں میں تیزی آئے گی جس کے عملی معیشت پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔ انہوں نے ایک بیان میں مانیٹری پالیسی

(بقیہ 57 صفحہ 2)

پاکستانی طلبا نے دشمن ابعاف کو لیزر سے نشانہ بنانے والا روبوٹک سسٹم تیار کرلیا

یہ ٹیکنالوجی دنیا کے چار ترقی یافتہ ملک دفاعی شعبے میں استعمال کررہے ہیں

کراچی (آن لائن) مہران یونیورسٹی کے طلباء نے لیزر گن سے لیس روبوٹ ویپن سسٹم تیار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق مہران یونیورسٹی کے طلبا نے لیزر گن سے لیس روبوٹ بنایا ہے جو دشمن کو گولہ بارود کے بغیر نشانہ بنا کر دشمن کے قابل بنا دے۔ اس روبوٹ میں زمین اور فضا سے ہونے والی کسی بھی جارحیت کو جانی نقصان کے بغیر کام کا نام دیا گیا ہے۔ مہران یونیورسٹی کے طلبا کا کہنا تھا کہ یہ ٹیکنالوجی دنیا کے چار ترقی یافتہ ملک دفاعی شعبے میں استعمال کر رہے ہیں۔ پاکستان میں اس ٹیکنالوجی کو بروئے کار لایا جائے تو اسلامی دنیا کا پہلا اور دنیا کا نواں ملک بن سکتا ہے۔ اس ٹیکنالوجی کی افادیت اور خصوصیات بتاتے ہوئے مہران

(بقیہ 58 صفحہ 3)

چیف ایڈیٹر و پبلشر سید فاروق شاہ پوسٹر، دھوم پرنٹنگ پریس مشہور بلڈنگ آئی آئی چندریگر روڈ کراچی مقام اشاعت، روزنامہ عسکر انٹرنیشنل آفس نمبر 44 تیسری منزل ہنڈی کرافٹ بلڈنگ عبداللہ ہارون روڈ کراچی طابع کیا، ریذیڈنٹ ایڈیٹر محمد حسین خون 0333755401 081-2842938 khi,editor@gmail.com

جرگے سے تھانے، مذاکرات کو سنجیدہ لیڈران نقصان حکومت کو ہوگا، عمر ایوب

پیکا ایکٹ زمانہ بند کرنے کا کالا قانون ہے، تمام صافی تنظیمیں متفق ہوکر آگے بڑھیں اپوزیشن ساتھ دے گی

فارم 47 کی حکومت بھی پیکا قوانین کا نشانہ بنے گی، اس ایکٹ کے بعد صحافیوں کو تھنکرز بنا لیں گی، چھتیسویں ترمیم کے بعد عدلیہ کو کمزور کیا گیا

اسلام آباد (آن لائن) اپوزیشن لیڈر عمر ایوب نے کہا ہے کہ ہم نے حکومت سے کہا تھا کہ مذاکرات کو سنجیدہ لیں، اس سب کا نقصان حکومت کو ہوگا، پیکا ایکٹ منظور نہیں، تمام صافی تنظیمیں متفق ہوکر آگے بڑھیں اپوزیشن ساتھ دے گی، فارم 47 کی حکومت بھی پیکا قوانین کا نشانہ بنے گی، چھتیسویں ترمیم کے بعد عدلیہ کو کمزور کیا گیا، عدلیہ کو تقسیم کرکے آپس میں لڑایا گیا۔ پی ٹی آئی رہنماؤں کے ہمراہ پارلیمنٹ کے باہر میڈیا سے

(بقیہ 32 ونی صفحہ 3)

لاہور، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ہمراہ لاہور چائنہ ریزیڈنشل کالج اور ٹائی کے طلباء کا ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

پی ٹی آئی کے پاس دلیل کی بنیاد پر بات کرنے کا فن نہیں، طلال چوہدری

کتابیں اچھالنا اور بیہودگی کرنا ان کا وطیرہ ہے، پی ٹی آئی میں دن میں شوشل رہا ہے

جو چاہے مسترد کر دیتا ہے۔ پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف ایک انتشاری جماعت ہے۔ ان کا کام صرف الزام لگانا ہے۔ یہ سنجیدہ مذاکرات کرنا نہیں چاہتے

(بقیہ 34 ونی صفحہ 3)

جوڈیشل کمیشن اور اسیران کی رہائی کے بغیر کسی قسم کی مذاکرات نہیں ہوں گے، شاہد خاقان عباسی

اسلام آباد (آئی این پی) مسلم لیگ ن کے رہنما، طلال چوہدری نے کہا ہے کہ تحریک انصاف کے پاس دلیل کی بنیاد پر بات کرنے کا فن نہیں ہے، انتشاری جماعت ہے، ان کا کام صرف الزام ہے، پی ٹی آئی میں دن میں شوشل رہا ہے، جب چاہے عمران خان مذاکرات پر راضی ہو جاتا ہے

(بقیہ 34 ونی صفحہ 3)

جبل علی، اسسٹنٹ کمشنر اعداد عبدالمجید محسنی بنیادی مرکز صحت کے عملے کی حاضری چیک کر رہے ہیں

پاکستان سٹاک مارکیٹ میں زبردست تیزی، 1000 سے زائد پوائنٹس کا اضافہ

کراچی (آن لائن) پاکستان سٹاک مارکیٹ میں انڈیکس ایک لاکھ 15 ہزار پوائنٹس کی حد پر دوبارہ بحال ہوگیا۔ کاروباری ہفتے کے پانچویں اور آخری روز کاروبار کے آغاز پر ہی زبردست تیزی دیکھنے میں آئی۔ ٹریڈنگ کے دوران سٹاک ایکسچینج میں 1000 سے زائد پوائنٹس کا اضافہ ہوا ہے جس کے ساتھ پاکستان سٹاک مارکیٹ میں ہنڈرڈ انڈیکس ایک لاکھ 15 ہزار 138 پوائنٹس کی حد کو چھو گیا ہے۔ اس سے قبل یہ انڈیکس ایک لاکھ 14 ہزار 37 پوائنٹس کی سطح پر بند ہوا تھا۔ دوسری جانب انٹریڈیٹ میں اعزیزی کرنسی مرچنٹ 2 پیسے سستی ہوگئی جس کے ساتھ انٹریڈیٹ میں ڈالر

(بقیہ 48 ونی صفحہ 3)

شیر افضل مروت کی شوکاز کے جواب میں بھی سلمان اکرم راجا پر الزامات کی بوچھاڑ

سلمان اکرم راجا کا تبصرہ پارٹی میں میری ساکھ کو نقصان پہنچانی یوالا تھا، شیر افضل

پشاور (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اور ممبر قومی اسمبلی شیر افضل مروت نے پارٹی کی چیئرمین بیرسٹر گوہر علی خان کو شوکاز کا جواب جمع کرا دیا۔ شیر افضل مروت نے شوکاز کو تحریری جواب چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی خان کو ارسال کر دیا۔ پی ٹی آئی رہنما نے شوکاز کے جواب میں کہا گیا ہے کہ مجھ پر پارٹی ڈسپلن کی خلاف ورزی کا الزام لگایا گیا، لیکن سلمان اکرم راجا سے متعلق میرے بیان کے تناظر میں مجھ کو شیر افضل مروت کا شوکاز نوٹس جاری کیا گیا۔ شیر افضل مروت کا کہنا تھا سلمان اکرم راجا کے اقدامات پر قابو نہ پایا گیا تو پارٹی تقسیم ہو جائے گی، سلمان اکرم راجا کا تبصرہ پارٹی میں میری ساکھ کو نقصان پہنچانی یوالا تھا، پی ٹی آئی رہنما کا کہنا تھا پہلے بھی پنجاب کے ایک ایم پی اے نے بانی پی ٹی آئی کو میرے متعلق گمراہ کیا تھا، وضاحت کا موقع فراہم کے بغیر جلسے پارٹی سے نکال دیا گیا تھا۔ شیر افضل مروت نے اپنے جواب میں شکوہ کیا کہ شوکاز کا جواب جمع کرانے کے باوجود کوئی کارروائی نہیں کی گئی، امید ہے کہ میرے اٹھائے گئے خدشات کو دور کیا جائے گا۔ یاد رہے کہ چند روز قبل شیر افضل مروت اور سلمان اکرم راجا کی جانب سے ایک دوسرے پر الزامات عائد کئے جانے کے بعد، جس پی ٹی آئی نے عمران خان کی ہدایت پر شیر افضل مروت کو شوکاز نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کیا تھا۔ پارٹی کی جانب سے شوکاز نوٹس پر شیر افضل مروت کا کہنا تھا عمران خان نے پارٹی سے نکالنا ہے تو نکال دیں، اگر روز کے شوکاز نوٹسز سے تنگ آ چکا

(بقیہ 47 ونی صفحہ 3)

چشتیاں ڈی جی کے موقع پر پارٹی کے سربراہ محمد خان اچکزئی اور صاحبزادہ ایم پی اے بلوچستان دیگر کی جانب سے شیلڈ دے رہے ہیں

قتل کے الزام میں قید مجرم کی عمر قید کی سزا کالعدم، بری کرنے کا حکم

کیا کوئی الزام لگائے گا تو اسے سزا دے دی جائے گی؟، جسٹس نعیم اختر

اسلام آباد (آن لائن) سپریم کورٹ نے قتل کے الزام میں قید مجرم کو بری کرنے کا حکم دیتے ہوئے عمر قید کی سزا کالعدم قرار دے دی۔ جسٹس نعیم اختر افغان نے ریمارکس دیے ہیں کہ پراسیکیوشن نے الزام ثابت کرنا تھا مگر ایسا نہیں ہوا۔ جسٹس جمال مندوخیل کی سربراہی میں دو رکنی بنچ نے سماعت کی۔ جسٹس نعیم اختر افغان نے سوال اٹھایا کہ کیا کوئی الزام لگائے گا تو اسے سزا دے دی جائے گی؟ پراسیکیوشن نے الزام ثابت کرنا تھا، جسٹس جمال مندوخیل نے ریمارکس دیے کہ سب کو مارنے کی نیت سے آنے والا اسی ایک کو کیوں چھوڑے گا؟ وکیل درخواست گزار کیا کہتا تھا کہ کیس میں نامزد ملزم بھی بری ہو چکا بلکہ ایک مقدمہ دوران ٹرائل وفات پا گیا۔ سپریم کورٹ نے محمد جاوید کی عمر قید کی سزا کالعدم قرار دے دی۔ محمد جاوید کو 2013 میں قتل کیس میں گرفتار کیا گیا تھا۔ ہائی کورٹ نے ٹرائل کورٹ کی عمر قید کی سزا کو برقرار رکھا تھا۔ سپریم کورٹ نے قتل کے الزام میں قید مجرم کو بری کرنے کا حکم دیتے ہوئے عمر قید کی سزا کالعدم قرار دے دی۔ جسٹس نعیم اختر افغان نے ریمارکس دیے ہیں کہ پراسیکیوشن نے الزام ثابت کرنا تھا مگر ایسا نہیں ہوا۔ جسٹس جمال مندوخیل کی سربراہی میں دو رکنی بنچ نے سماعت کی۔ جسٹس نعیم اختر افغان نے سوال اٹھایا کہ کیا کوئی الزام لگائے گا تو اسے سزا دے دی جائے گی؟ پراسیکیوشن نے الزام ثابت کرنا تھا، جسٹس جمال مندوخیل نے ریمارکس دیے کہ سب کو مارنے کی نیت سے آنے والا اسی ایک کو کیوں چھوڑے گا؟ وکیل درخواست گزار کیا کہتا تھا کہ کیس میں نامزد ملزم بھی بری ہو چکا بلکہ ایک مقدمہ دوران ٹرائل وفات پا گیا، سپریم کورٹ نے محمد جاوید کی عمر قید کی سزا کالعدم قرار دے دی۔ محمد جاوید کو 2013 میں قتل کیس میں گرفتار کیا گیا تھا۔ ہائی کورٹ نے ٹرائل کورٹ

(بقیہ 44 ونی صفحہ 3)

ایڈیشنل رجسٹرار جوڈیشل ہنزہ ماسٹر نے توہین عدالت کا شوکاز نوٹس چیلنج کردیا

اسلام آباد (آئی این پی) سپریم کورٹ کے ایڈیشنل رجسٹرار جوڈیشل ہنزہ ماسٹر نے توہین عدالت کا شوکاز نوٹس چیلنج کر دیا۔ ایڈیشنل رجسٹرار جوڈیشل ہنزہ ماسٹر نے توہین عدالت کی کارروائی پر عدم اعتماد کی درخواست بھی کر دی، سپریم کورٹ نے نمازہ ماسٹر کا اٹارنی جنرل کو 6 نومبر تک تفصیل دیا جائے۔ جسٹس جمال مندوخیل کی سربراہی میں تفصیل دیا گیا

(بقیہ 46 ونی صفحہ 3)

پاکستانی نوجوانوں کو عالمی مارکیٹ کے تقاضوں کے مطابق صلاحیتوں سے آراستہ کرنے کے لیے پروگرام

اپنے اپنے شعبوں میں اپنا لوہا منوانے کی صلاحیت ہے، شہباز شریف

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستانی نوجوانوں میں زندگی کے تمام شعبوں میں اپنا لوہا منوانے اور ملک کا نام روشن کرنے کی صلاحیت موجود ہے، ہم اپنے نوجوانوں کو عالمی مارکیٹ کے تقاضوں کے مطابق صلاحیتوں سے آراستہ کرنے کے لیے پُرعزم ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف سے یونیورسٹی آف لندن اور دیگر معروف بین الاقوامی تعلیمی

(بقیہ 49 ونی صفحہ 3)

جے یو آئی کا بھی متنازع پیکا ایکٹ بل پر تحفظات کا اظہار

حکومت جو بھی بات کام کرے ہمیں پی ٹی آئی ممبر کا اعتماد ہے، پارلیمنٹ کو اس کا اختیار نہیں ہوتا، یہ جارہا ہے کہ بغیر تائید نہیں ہوتا، شاہد اختر علی

اس طرح کیا قدامات سے حکومت اپوزیشن میں دوریاں پیدا ہوتی ہیں، حکومت جو بھی شبت کام کرے پی ٹی آئی ممبر کا اعتماد ہے

اسلام آباد (آن لائن) جمعیت علما اسلام (ف) نے بھی متنازع پیکا ایکٹ بل پر تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت جو بھی شبت کام کرے پی ٹی آئی ممبر کا اعتماد ہے۔ جے یو آئی کی رکن قومی اسمبلی شاہدہ اختر علی نے پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حکومت کو متنازع پیکا ایکٹ بل پر ہے تو کوئی اور ترامیم کرے آپس میں لڑائی ہے، اس کے شبت نتائج نہیں ہوں گے، شاہدہ اختر علی

کراچی میں فائرنگ سے اسکول بچہ قتل

کراچی (آن لائن) کراچی کے علاقے تاراچند امجد گلشن کے قریب اسکول کے باہر نامعلوم افراد نے فائرنگ کے نتیجہ قتل کر دیا۔ رمضیوز رائی کا کہنا ہے کہ ملزمان نے اسکول بچہ کے چہرے پر گولی ماری، ریسکیو ذرائع کے مطابق شیخ نعمان بلال کی لاش کو ضابطے کی کاروائی کے لئے ایدھی منتقل کر دیا گیا ہے۔ ایس ایچ او طوبیہ احمد گھمن کا کہنا ہے کہ ابتدائی طور پر قتل کا واقعہ ذاتی دشمنی معلوم ہوتا ہے، جاں بحق بچہ کی والدہ کا واقعہ ذاتی دشمنی معلوم ہوتا ہے، جاں بحق بچہ کی والدہ کا کہنا تھا کہ بچہ بھیجے گئے تھے، بچہ کی صورت مایوس نہیں ہوں گے، ہم انشاءاللہ اس جدوجہد کو جاری رکھیں گے جب تک عافیہ صدیقی رہا نہ ہو، جو ذمہ داری حکومت پر عائد ہوتی ہے۔ سابق سینیٹر مشتاق احمد نے اسلام آباد ہائی کورٹ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حکومت جو بھی شبت کام کرے ہم اپنا کام کر رہے ہیں